کتاب کے اخیر میں نماز کا ترجمہ صرفی نحوی ترکیب کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ ضمیمے کے طور پر تصریف الافعال کے کچھ جدول بھی دیے گئے ہیں جن میں ان افعال کی صرف کبیر دی گئی ہے جو قرآن مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنے کی خواہش رکھنے والوں کے لیے یہ ایک اچھی کتاب ہے۔

## (۳)

نام کتاب : باپ
مصنف : ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ
ضخامت : 280 صفحات ۔ قیمت : درج نہیں
ملنے کا پتہ: صغرا تاج پبلشرز' 17۔سی گلفشاں کالونی' جھنگ روڈ' فیصل آباد

ڈاکٹر کیپٹن غلام سرور شیخ فیصل آباد کی معروف شخصیت ہیں۔ اپنا کلینک چلاتے ہیں' مگر اپنے ادبی اور علمی ذوق کی تسکین کے لیے دینی و اخلاقی کتب کا مطالعہ اور تصنیف و تالیف اُن کا دل پسند مشغلہ ہے۔ ''باپ'' اُن کی تیسری کتاب ہے۔ اس سے پہلے وہ اپنے سفرِ حج کے تأثرات ''تکمیل آرزو'' کے نام سے کتابی شکل میں شائع کر چکے ہیں۔ اس کے بعد انہوں نے ''ذکرِ ماں'' کے عنوان سے بڑی تحقیقی اور معلوماتی کتاب لکھ کر اپنی والدہ مرحومہ کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ والدین کی محبت نے ان کے ہاتھ میں قلم تھما دیا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے:

باب اوّل : قرآن حکیم اور باپ
باب دوم : فرامین رسالت مآب ﷺ اور باپ
باب سوم : سنہری اور یادگار تحریریں
باب چہارم : شاعری اور باپ

حیرت ہوتی ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنی بھرپور مصروفیت سے اس قدر وقت نکال لیتے ہیں کہ نہ صرف ذوقِ مطالعہ کی تشفی کرتے ہیں' بلکہ حاصلِ مطالعہ کو کتاب کی صورت دے کر دوسروں تک پہنچانے کا بھی اہتمام کرتے ہیں۔ ۲۸۰ صفحات پر مشتمل ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب جہاں قارئین پر باپ کے مقام و مرتبہ کا احساس اجاگر کرے گی وہاں نوجوانوں کے دل میں والدین کی خدمت کا جذبہ بھی پیدا کرے گی۔ ڈاکٹر صاحب کا اندازِ تحریر سادہ' برجستہ اور مؤثر ہوتا ہے۔ باپ کے بارے میں جس قدر قیمتی معلومات اس کتاب میں جمع کر دی گئی ہیں شاید وہ کسی اور کتاب میں نہ مل سکیں۔ باپ کے عنوان سے یہ کتاب پڑھنے کے قابل ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب جلدی میں شائع کی گئی ہے اور پروف

© rasailojaraid.
© rasailojaraid.